روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
پیر 28 فروری 2005ء 18 محرم 1426 ہجری 28 تبلیغ 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 45

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدائے تعالیٰ نے قرآن شریف کی ضرورت نزول کی اور اس کے منجانب اللہ ہونے کی یہ دلیل پیش کی ہے کہ قرآن شریف ایسے وقت میں آیا ہے کہ جب تمام امتوں نے اصول حقہ کو چھوڑ دیا تھا اور کوئی دین روئے زمین پر ایسا نہ تھا کہ جو خداشناسی اور پاک اعتقادی اور نیک عملی پر قائم اور بحال ہوتا بلکہ سارے دین بگڑ گئے تھے۔ اور ہر یک مذہب میں طرح طرح کا فساد دخل کر گیا تھا اور خود لوگوں کے طبائع میں دنیا پرستی کی محبت اس قدر بھر گئی تھی کہ بجز دنیا اور دنیا کے ناموں اور دنیا کے آراموں اور دنیا کی عزتوں اور دنیا کی راحتوں اور دنیا کے مال ومتاع کے اور کچھ ان کا مقصد نہیں رہا تھا اور خدائے تعالیٰ کی محبت اور اس کے ذوق اور شوق سے بکلی بے بہرہ اور بے نصیب ہو گئے تھے اور رسوم اور عادت کو مذہب سمجھا گیا تھا پس خدا نے جس کا یہ قانون قدرت ہے کہ وہ شدتوں اور صعوبتوں کے وقت اپنے عاجز بندوں کی خبر لیتا ہے اور جب کسی سختی سے جیسے امساک باران وغیرہ سے اس کے بندے قریب ہلاکت کے ہو جاتے ہیں باران رحمت سے ان کی مشکل کشائی کرتا ہے نہ چاہا کہ خلق اللہ ایسی بلا میں مبتلا رہے جس کا نتیجہ ہلاکت دائمی اور ابدی ہے۔ سو اس نے بہ تعمیل اپنے قانون قدیم کے کہ جو جسمانی اور روحانی طور پر ابتدا سے چلا آتا ہے قرآن شریف کو خلق اللہ کی اصلاح کے لئے نازل کیا اور ضرور تھا کہ ایسے وقت میں قرآن شریف نازل ہوتا کیونکہ اس پر ظلمت زمانہ کی حالت موجودہ کو ایسی عظیم الشان کتاب اور ایسے عظیم الشان رسول کی حاجت تھی اور ضرورت حقہ اس بات کی متقاضی ہو رہی تھی کہ اس تاریکی کے وقت میں جو تمام دنیا پر چھا گئی تھی اور اپنے انتہائی درجہ تک پہنچ چکی تھی آفتاب صداقت کا طلوع کرے کیونکہ بجز طلوع اس آفتاب کے ہرگز ممکن نہ تھا کہ ایسی اندھیری رات خود بخود روز روشن کی صورت پکڑ جائے اور اسی کی طرف ایک دوسرے مقام میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے اور وہ یہ ہے۔ (۔) یعنے جو لوگ اہل کتاب اور مشرکین میں سے کافر ہو گئے ان کا راہ راست پر آنا بجز اس کے ہرگز ممکن نہ تھا کہ ان کی طرف ایسا عظیم الشان نبی بھیجا جاوے جو ایسی عظیم الشان کتاب لایا ہے کہ جو سب الٰہی کتابوں کے معارف اور صداقتوں پر محیط اور ہر یک غلطی اور نقصان سے پاک اور منزہ ہے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 658)

تلاوت کا مسنون طریق

حضرت ام سلمہؓ سے پوچھا گیا کہ آنحضرت ﷺ قرآن کریم کی قراءت کس طرح کرتے تھے انہوں نے فرمایا رسول اللہؐ ہر آیت ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے۔ مثلاً سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرتے ہوئے پہلے **رب العالمین** پر رکتے پھر **الرحیم** پر پھر **الدین** پر وقف کرتے تھے۔

(جامع ترمذی کتاب القراء ت باب فاتحة الکتاب حدیث نمبر: 2851)

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

آئندہ چند دنوں میں پرائمری سے لے کر میٹرک تک کے امتحانات ہونے والے ہیں اور اس کے بعد کالج کے امتحان شروع ہونگے اس سلسلہ میں سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل امور پر خاص توجہ دیں۔

☆ ہر طالب علم سے انفرادی رابطہ رکھیں نیز اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ سالانہ امتحان دے رہے ہیں کہ نہیں۔ اور اگر کوئی مشکل ہو تو اس کو لوکل لیول پر حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

☆ امتحانات کے بعد رزلٹس مرتب کئے جائیں اور اس کا ریکارڈ اپنے پاس رکھا جائے نیز اس انفرادی رابطہ کو مستقل برقرار رکھا جائے۔

☆ جو طلباء و طالبات اگلی کلاسوں میں جائیں گے ان کی سابقہ کلاسوں کی کتب لے کر مستحق طلباء و طالبات میں تقسیم کی جائیں اور ان کی تدریسی کارکردگی کا بھی ریکارڈ رکھا جائے۔

☆ اس بات کا بھی خاص طور پر جائزہ لیا جائے کہ نئی کلاسوں میں جانے والے طلباء وطالبات کے پاس تمام ضروری سامان مثلاً یونیفارم، کتب، کاغذ پنسل وغیرہ موجود ہے کہ نہیں۔

اس سلسلہ میں جو بھی مساعی کی جائے اس کی رپورٹ سیکرٹری صاحب تعلیم ضلع کے توسط سے ماہوار رپورٹ فارم پر مرکز ارسال کی جائے۔

تمام احباب سے درخواست ہے کہ ان دنوں میں خاص طور پر ان احمدی طلباء وطالبات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جو امتحانات دے رہے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندانوں اور جماعت احمدیہ کیلئے نیک وجود ثابت ہوں۔ آمین

(نظارت تعلیم)

خریداران الفضل متوجہ ہوں

☆ جو خریداران الفضل ہاکر سے حاصل کرتے ہیں۔ ان کی خدمت مین اطلاع ہے کہ بل ماہ فروری 2005ء مبلغ اکیاسی (Rs.81/-) روپے بنتا ہے۔ بل کی ادائیگی جلد کر کے ممنون فرمائیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

157

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

مخالفت کا ہونا ضروری ہے

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان کرتے ہیں کہ باہر سے جب دوست قادیان آتے تو حضرت مسیح موعود ان سے دریافت فرماتے۔

"کیا آپ کے شہر میں کچھ ہمارے سلسلہ کی مخالفت ہے" اور اگر وہ دوست جواب دیتے کہ نہیں ہے تو آپ افسوس کرتے کہ مخالفت نہیں ہے تو پھر ترقی کیسے ہوگی۔ ایک دفعہ تو مخالفت کا ہونا ضروری ہے۔

(ذکر حبیب ص33)

ایک نظر کی برکت

حضرت میاں عبدالعزیز صاحب المعروف مغل (ولادت 1876ء، بیعت 1892ء، وفات 1942ء) بیان کرتے ہیں۔

نیلا گنبد لاہور میں میری کنفیکشنری (Confectionery) مٹھائی کی دکان تھی۔ اور یہ وہ دکان تھی جہاں اب موسیٰ اینڈ سنز کی دکان ہے۔ اس میں میں بیٹھا ہوا تھا۔ غالباً 1892ء یا 1893ء کی بات ہے۔ ایک شخص محمد رمضان جو نیلا گنبد والی مسجد میں طالب علم تھا اور بڑا سخت مخالف تھا۔ ایک سکھ کو ساتھ لا کر میرے پاس چھوڑ گیا۔ اس سکھ کا نام پھُتر سنگھ تھا۔ میں نے اسے کھانے کے لئے دو آنے دیئے۔ کھانا کھانے کے بعد اس نے قادیان کا رستہ دریافت کیا اور قادیان چلا گیا۔ آٹھ دن کے بعد پھر میرے پاس دکان پر آیا اور السلام علیکم کہا جس سے میں سمجھ گیا کہ یہ احمدی ہو چکا ہے۔ اس نے بتایا کہ میں احمدی ہو چکا ہوں اور حضرت مسیح موعود کی بیعت کر چکا ہوں اور حضور نے میرا نام عبدالعزیز رکھا ہے۔ پھر وہ شخص بڑا مخلص رہا۔ اب اس کی وفات کو دس بارہ سال ہو چکے ہیں۔ میں نے قادیان میں اسے بارہا دیکھا ہے۔ خیر اس نے بتایا کہ میں ایک عورت پر عاشق تھا اور اس کا خیال میرے دل سے محو نہیں ہوتا۔ میں بہت گروؤں کے پاس گیا میرے دو ہی سوال تھے کہ یا تو وہ عورت مجھے مل جائے اور یا اس کا خیال میرے دل سے محو ہو جائے۔ مگر کوئی گرو میری تسلی نہ کر سکا۔ اس پر میں نے گدی نشینوں کی طرف رجوع کیا حتیٰ کہ مجھے ضرب البحر کا چلہ بھی کٹوایا گیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ پھر کسی نے مجھے از راہ تمسخر کہا کہ "مرزے کے پاس قادیان جاؤ۔ اس کا بڑا دعویٰ ہے"۔ اس لئے میں نے لاہور میں آ کر پوچھا کہ قادیان کا رستہ بتاؤ اور محمد رمضان آپ کے پاس چھوڑ گیا۔ (یہ محمد رمضان خود بھی بعد میں احمدی ہو گیا تھا) پھر میں قادیان چلا گیا۔ نماز عصر کے بعد حضرت کی ملاقات کے لئے بے دھڑک اوپر چلا گیا اور عرض کیا کہ حضور! اس طرح میں ایک عورت پر عاشق ہوں۔ میرا برا حال ہے۔ یا مجھے وہ عورت مل جائے اور یا اس کا خیال میرے دل سے محو ہو جائے۔ اس پر حضور نے ایک نظر بھر کر میری طرف دیکھا (حضور نظر اٹھا کر بہت کم دیکھا کرتے تھے) اور فرمایا کہ رات یہاں رہو اور کل چلے جانا۔ چنانچہ میں رات رہا۔ مگر عجیب بات ہے کہ اس نظر کے بعد وہ عورت مجھے بالکل بھول گئی۔ صبح میں نے حضور کی خدمت میں عرض کی کہ حضور! میں احمدی ہوتا ہوں۔ فرمایا کچھ ٹھہرو۔ پھر دوسرے یا تیسرے روز حضور نے مجھے احمدی کر کے میرا نام عبدالعزیز رکھا۔ اب میں آپ کو ملنے آیا ہوں۔ چنانچہ پھر وہ قادیان چلا گیا۔

(لاہور۔ تاریخ احمدیت ص113)

الٰہی تائید و نصرت

27 جولائی 1996ء کو جلسہ سالانہ برطانیہ سے خطاب کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے مختلف ممالک میں نئی جماعتوں کے قیام کے سلسلہ میں ایمان افروز واقعات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ایک مربی کی کار دعوت الی اللہ کے سفر کے دوران خراب ہو گئی۔ انہوں نے وہیں عصر کی نماز ادا کی اور دعا کی۔ اس دوران گاؤں کے لوگ وہاں جمع ہو گئے۔ انہیں احمدیت کا تعارف کروایا گیا اور دعوت الی اللہ کی گئی جس کے نتیجہ میں وہ سارا گاؤں احمدی ہو گیا۔ اسی طرح جماعت احمدیہ کے ایک معلم اور اس کے ساتھیوں کو بعض لوگ باغی کے طور پر ظاہر کر کے فوجیوں کے پاس لے گئے۔ انہوں نے ان کے چہروں کو دیکھ کر کہا یہ تو باغی نہیں لگتے۔ پھر ان سے تفصیلی تعارف اور گفتگو ہوئی۔ اور مختصر سی دعوت الی اللہ کی نشست کے بعد اس فوجی دستے کے کمانڈر اور کئی ساتھی احمدیت میں داخل ہو گئے۔

(الفضل انٹرنیشنل 23 راگست 96ء ص2)

واقفین زندگی میں دو قسم کے آدمی ہیں۔ ایک وہ جن کا رجحان اس طرف ہے کہ دین کا علم سیکھ کر دین کی خدمت کریں اور دوسرے وہ جن کا رجحان اس طرف ہے کہ دنیا کا علم سیکھ کر دین کی خدمت کریں۔ سلسلہ کیلئے دونوں قسم کے آدمیوں کی ضرورت ہے۔ تا ہر قسم کے کاموں کو جاری کیا جا سکے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم عبدالکبیر قمر صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے خاکسار کو 19 فروری 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت عبدالاول عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ بچہ معروف احمدی شاعر مکرم عبدالکریم قدسی صاحب کا پوتا اور مکرم محمد صادق صاحب زعیم انصاراللہ حلقہ جنرل ہسپتال ضلع لاہور کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے نومولود کی درازی عمر، صحت و سلامتی نیک، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم ثاقب عمر مرزا صاحب عمر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بیٹی بخار کی وجہ سے بیمار ہیں احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ملک عبدالرب صاحب آف ٹاؤن شپ لاہور کو دل کا اٹیک ہوا ہے اور فاروق ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو کامل شفا عطا فرمائے۔ آمین

مکرمہ امۃ الرشید طور صاحبہ اہلیہ مکرم منظور احمد طور صاحب دارالعلوم غربی حلقہ خلیل ربوہ لکھتی ہیں مکرمہ امۃ الحمید بشریٰ صاحبہ اہلیہ مکرم صلاح الدین صاحب مرحوم ربوہ مورخہ 20 فروری 2005ء سے شیخ زاید ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں۔ برین ہیمبرج، ہارٹ اٹیک اور گردوں کی خرابی کی وجہ سے حالت تشویشناک ہے۔ احباب جماعت سے عاجزانہ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ ان کو اپنے خاص فضل سے جلد صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

جماعت اور یتامیٰ کی خبرگیری

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

"یتامیٰ کی خبرگیری قومی طور پر کسی جماعت میں پائی جائے تو وہ جماعت کبھی مٹ نہیں سکتی ....

(تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ 567)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یتامیٰ)

اعلان دارالقضاء

(محترمہ حفیظ بیگم صاحبہ بابت ترکہ مکرم شفیق احمد صاحب)

محترمہ حفیظ بیگم صاحبہ سکنہ مکان نمبر 18/29 دارالرحمت شرقی نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم شفیق احمد صاحب ابن مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب رائے ونڈی بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 1/29 دارالرحمت برقبہ ایک کنال 74 مربع فٹ میں سے 6 مرلے 125 مربع فٹ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ ان کا یہ حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ خورشید بیگم صاحبہ (والدہ)
(2) محترمہ حفیظ بیگم صاحبہ (بیوہ)
(3) مکرم احسن احمد صاحب (بیٹا)
(4) مکرم انصر احمد صاحب (بیٹا)
(5) مکرم اجمل احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

مدرسۃ الظفر وقف جدید کے سالانہ ورزشی مقابلہ جات

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سالانہ ورزشی مقابلہ جات مدرسۃ الظفر وقف جدید مورخہ 21 فروری تا 23 فروری 2005ء منعقد ہوئے جن کا افتتاح مورخہ 21 فروری کو مکرم پروفیسر عبدالجلیل صاحب صادق صدر مجلس صحت نے کیا۔ گزشتہ سال 13 اجتماعی و انفرادی مقابلہ جات کروائے گئے جبکہ امسال 34 مقابلے ہوئے۔ جن میں 22 کلومیٹر کراس کنٹری ریس، پیدل چلنا، ٹیبل ٹینس، ڈاک دوڑ، والی بال، نشانہ غلیل، وزن اٹھانا، مشاہدہ معائنہ، پنجہ آزمائی، گولہ پھینکنا، اونچی چھلانگ، نیزہ پھینکنا، دوڑ 1600 میٹر، تین ٹانگ دوڑ اور روک دوڑ شامل ہیں۔

اختتامی تقریب 23 فروری کو منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مکرم مظہر اقبال صاحب ناظم ارشاد وقف جدید تھے۔ تلاوت و نظم کے بعد رپورٹ پڑھی گئی۔ بعد ازاں مہمان خصوصی نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے اور مختصر خطاب کیا۔ دعا کے ساتھ تقریب کا اختتام ہوا۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

نظام وصیت اور حضرت مسیح موعود کی دیگر مالی تحریکات

نظام وصیت کو دسمبر 2005ء میں سو سال ہو جائیں گے کیونکہ 1905ء میں حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کے لئے رسالہ الوصیت میں اس دائمی مالی تحریک کا اعلان فرمایا تھا اس مضمون میں اس کے ساتھ ساتھ حضرت مسیح موعود کی دیگر مالی تحریکات اور ارشادات عالیہ کا ایک اجمالی خاکہ پیش کیا جاتا ہے اور پھر نظام وصیت کا پس منظر اور بنیادی شرائط حضرت اقدس کے ہی مبارک اور مقدس الفاظ میں بیان کئے ہیں۔

بہت ابتداء میں جب حضرت اقدس کو ماموریت کا الہام ہوا تو الہام میں یہ بھی بتایا گیا کہ تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دلوں میں ہم خود آسمان سے الہام کریں گے چنانچہ خداتعالیٰ کی فعلی شہادت سے یہی ثابت ہوتا ہے حضور نے مسلسل تدابیر سے بھی کام کیا اور مختلف ضروریات کے وقت تحریک کر کے خدام کو ثواب کے مواقع بہم پہنچائے۔

حضرت مسیح موعود کے جذبات تشکر

ابتداء میں حضرت مسیح موعود نے براہین احمدیہ کی تصنیف و اشاعت کے لئے بعض صاحب مقدرت اور دین کا درد رکھنے والے لوگوں کو مالی معاونت کی تحریک کی اور جن خوش نصیبوں نے اس کار خیر میں حصہ لیا ان کا حضور نے ان الفاظ میں شکریہ ادا کیا۔ فرمایا

''ان تمام حضرات معاونین کا شکر کرنا بھی واجبات سے ہے کہ جن کی کریمانہ توجہات سے میرے مقاصد دینی ضائع ہونے سے سلامت رہے اور میری محنتیں برباد جانے سے بچ رہیں۔ میں ان صاحبوں کی اعانتوں سے ایسا ممنون ہوں کہ میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ جن سے میں ان کا شکر ادا کر سکوں''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 82)

الٰہی کارخانہ کی پانچ شاخوں کے لئے چندہ کی تحریک

1889ء میں جماعت احمدیہ کی تاسیس کے بعد جب ضروریات سلسلہ بڑھ گئیں تو حضور نے اپنی تصنیف ''فتح اسلام'' میں پانچ شاخوں کا ذکر فرمایا جن کا اہتمام ہو چکا تھا یعنی تصنیف و اشاعت کتب و اشتہارات، خط و کتابت، حق کی تلاش کرنے والے مہمانوں کی آمد اور دارالضیافت (لنگر خانہ مسیح موعود) کا قیام وغیرہ اور اس کے لئے حضور نے اپنی جماعت کے لوگوں کو چندہ کی تحریک فرمائی اور ایک اشتہار ''یاددہانی'' کے عنوان سے شائع کیا اور فرمایا

''جو کچھ ہم نے رسالہ فتح اسلام میں الٰہی کارخانہ کے بارے میں جو خداوند عزوجل کی طرف سے ہمارے سپرد ہوا ہے پانچ شاخوں کا ذکر کر کے دینی مخلصوں اور (۔) ہمدردوں کی ضرورت امداد کے لئے لکھا ہے اس کی طرف ہمارے بااخلاص اور پرجوش بھائیوں کو بہت جلد توجہ کرنی چاہئے کہ تا یہ سب کام باحسن طریق شروع ہو جائیں۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 201)

اس کتاب کے آخر میں حضور نے اپنے بعض خاص مریدوں کا ذکر بھی فرمایا جو مالی معاونت میں سبقت لے گئے تھے اور جن میں سرفہرست حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب (جو بعد میں حضرت مسیح موعود کے پہلے خلیفہ بنے) کا ذکر ہے اور حضور نے ان کی مالی اور دیگر خدمات اور خلوص اور اطاعت کا نہایت ہی اعلیٰ ذکر کیا ہے وقت کے ساتھ ساتھ سلسلہ کی ضروریات بڑھتی گئیں اور حضور ہر نئی ضرورت کے لئے الگ تحریک فرماتے رہے اور ایک اشتہار میں اس طرف بھی توجہ دلائی کہ زکوٰۃ کی رقم بھی بھجوائیں۔ چنانچہ فرمایا۔

''اگر میری جماعت میں ایسے احباب ہوں جو ان پر بوجہ املاک و اموال و زیورات وغیرہ کے زکوٰۃ فرض ہو تو ان کو سمجھنا چاہئے کہ اس وقت دین (۔) جیسا غریب اور یتیم اور بے کس کوئی بھی نہیں اور زکوٰۃ نہ دینے میں جس قدر تہدید شرع وارد ہے وہ بھی ظاہر ہے اور عنقریب ہے جو منکر زکوٰۃ کافر ہو جائے پس فرض عین ہے جو اسی راہ میں اعانت (۔) میں زکوٰۃ دی جاوے۔ زکوٰۃ میں کتابیں خریدی جائیں اور مفت تقسیم کی جائیں''۔ (مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 325)

ماہ بماہ چندہ ادا کرنے کا ارشاد

خصوصی تحریکات جیسے ''مہمانوں کے لئے ایک مکان اور کنواں تیار کرنے کی بابت'' (مجموعہ اشتہارات جلد دوم ص 326) ''مکان ملحقہ بیت مبارک کے لئے چندہ کی اپیل'' (مجموعہ اشتہارات جلد دوم ص 452)، ''ایک ضروری فرض کی تبلیغ، احمدیہ سکول کے اجراء کے لئے چندہ کی اپیل'' (مجموعہ اشتہارات جلد دوم ص 457) ''اشتہار بابت چندہ مدرسہ'' (مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 1) کے علاوہ حضور نے ایک اشتہار بعنوان ''الاشتہار الانصار'' میں احباب کو ماہ بماہ باقاعدہ چندہ دینے کی تحریک فرمائی اس کا ایک متعلقہ حصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ فرمایا

.... پس ہوش میں آجاؤ اور جاہل مت بنو اور اپنے مالوں کے ساتھ اور جانوں کے ساتھ خدا کی راہ میں کوشش کرو (عربی سے اردو ترجمہ)

.... نیز فرمایا ''اس عالی سلسلہ میں داخل ہونے کے لئے وہی لائق ہے جو ہمت بھی عالی رکھتا ہو اور نیز آئندہ کے لئے ایک تازہ اور سچا عہد خداتعالیٰ سے کر لے کہ وہ حتی الوسع بلاناغہ ہر ایک مہینہ میں اپنی مالی امداد سے ان دینی مشکلات کے رفع کرنے کے لئے سعی کرتا رہے گا''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 166)

پھر حضور نے منارۃ المسیح کی تعمیر اور انتظام لنگر خانہ اور توسیع مکان اور مدرسہ کی مالی اعانت وغیرہ کے الگ الگ اشتہارات مختلف وقتوں میں دیئے۔ لیکن شروع سے حضور اس بات پر زور دیتے رہے کہ ماہ بماہ چندہ کی ادائیگی ہوتی رہے چنانچہ ایک اشتہار میں تحریر فرمایا

''............ اب چاہئے کہ ہر ایک دوست اپنی اپنی ہمت اور مقدرت کے موافق بہت جلد بلاتوقف اس چندہ میں شریک ہو اور یہ چندہ ہمیشہ ماہواری طور سے ایک تاریخ مقررہ پر پہنچ جانا چاہئے بالفعل یہ تجویز ہوئی کہ بقیہ براہین اور ایک اخبار جاری کیا جائے اور آئندہ جو جو ضرورتیں پیش آئیں گی ان کے موافق وقتاً فوقتاً رسائل نکلتے رہیں گے اور چونکہ یہ تمام کاروبار چندہ پر موقوف ہے اس لئے اس بات کو پہلے سوچ لینا چاہئے کہ اس قدر اپنی طرف سے چندہ مقرر کریں جو بہ سہولت ماہ بماہ پہنچ سکے۔

اے مردمان دین کوشش کرو کہ یہ کوشش کا وقت ہے اپنے دلوں کو دین کی ہمدردی کے لئے جوش میں لاؤ کہ یہی جوش دکھانے کے دن ہیں۔ اب تم خداتعالیٰ کو کسی اور عمل سے ایسا راضی نہیں کر سکتے جیسا کہ دین کی ہمدردی سے۔ سو جاگو اور اٹھو اور ہوشیار ہو جاؤ اور دین کی ہمدردی کے لئے وہ قدم اٹھاؤ کہ فرشتے بھی آسمان پر جزاکم اللہ کہیں اس سے مت غمگین ہو کہ لوگ تمہیں کافر کہتے ہیں تم اپنا (۔) خداتعالیٰ کو دکھلاؤ اور اتنے جھکو کہ بس فدا ہی ہو جاؤ............''

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 367)

صدق کی پہچان

فرمایا ''ہر ایک شخص جو اپنے تئیں بیعت شدوں میں داخل سمجھتا ہے اس کے لئے اب وقت ہے کہ اپنے مال سے بھی اس سلسلہ کی خدمت کرے۔ جو شخص ایک پیسہ کی حیثیت رکھتا ہے وہ سلسلہ کے مصارف کے لئے ماہ بماہ ایک پیسہ دیوے اور جو شخص ایک روپیہ ماہوار دے سکتا ہے وہ ایک روپیہ ماہوار ادا کرے کیونکہ علاوہ لنگر خانہ کے اخراجات کے دینی کارروائیاں بھی بہت سے مصارف چاہتی ہیں۔ صدہا مہمان آتے ہیں مگر ابھی تک عدم گنجائش مہمانوں کے لئے آرام دہ مکان میسر نہیں۔ جیسا کہ چاہئے چارپائیوں کا انتظام نہیں۔ توسیع (۔) کی ضرورتیں بھی پیش ہیں۔ تالیف اور اشاعت کا سلسلہ بمقابل مخالفوں کے نہایت کمزور ہے۔ عیسائیوں کی طرف سے جہاں پچاس ہزار رسالے اور مذہبی پرچے نکلتے ہیں ہماری طرف سے بالالتزام ایک ہزار بھی ماہ بماہ نکل نہیں سکتا۔ یہی امور ہیں جن کے لئے ہر ایک بیعت کنندہ کو بقدر وسعت مدد دینی چاہئے تا خداتعالیٰ بھی مدد دے اگر بے ناغہ ماہ بماہ ان کی مدد پہنچتی رہے گو تھوڑی مدد ہو تو وہ اس مدد سے بہتر ہے جو مدت تک فراموشی اختیار کر کے پھر کسی وقت اپنے ہی خیال سے کی جاتی ہے۔ ہر ایک شخص کا صدق اس کی خدمت سے پہچانا جاتا ہے عزیزو! یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ چاہئے کہ زکوٰۃ دینے والا اسی جگہ اپنی زکوٰۃ بھیجے اور ہر ایک شخص فضولیوں سے اپنے تئیں بچاوے اور اس راہ میں وہ روپیہ لگاوے اور بہرحال صدق دکھاوے تا فضل اور روح القدس کا انعام پاوے کیونکہ یہ انعام ان لوگوں کے لئے تیار ہے جو اس سلسلہ میں داخل ہوئے ہیں''

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 83)

قرب وفات اور جماعت کے نام وصیت

فرمایا ''چونکہ خدائے عزوجل نے متواتر وحی سے مجھے خبر دی ہے کہ میرا زمانہ وفات نزدیک ہے اور اس بارے میں اس کی وحی اس قدر تواتر سے ہوئی کہ میری ہستی کو بنیاد سے ہلا دیا اور اس زندگی کو میرے پر سرد کر دیا اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اپنے دوستوں اور ان تمام لوگوں کے لئے جو میرے کلام سے فائدہ اٹھانا چاہیں چند نصائح لکھوں............۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 301)

قدرت ثانیہ کے ظہور کی پیشگوئی

فرمایا ''خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی کچھ تو ان میں سے میری زندگی میں ظہور میں آجائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد۔

یہ خداتعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے .... کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے (۔) اور غلبہ سے

مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راست بازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن و تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں............

سو اے عزیزو! جب کہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے............

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 303)

سلسلہ عالیہ احمدیہ کی علت غائی

فرمایا

''خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا۔ سو تم اس مقصد کی پیروی کرو مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے۔

(رسالہ الوصیت۔ روخانی خزائن جلد 20 صفحہ 306)

تلخی کی زندگی کو کرو صدق سے قبول

پھر آپ فرماتے ہیں۔

''اور چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کے پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتی اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو۔ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو وہ درد جس سے خدا راضی ہو اس لذت سے بہتر ہے جس سے خدا ناراض ہو جائے اور وہ شکست جس سے خدا راضی ہو اس فتح سے بہتر ہے جو موجب غضب الٰہی ہو۔ اس محبت کو چھوڑ دو جو خدا کے غضب کے قریب کرے۔ اگر تم صاف دل ہو کہ اس کی طرف آ جاؤ تو ہر ایک راہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا اور کوئی دشمن تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ خدا کی رضا کو تم کسی طرح پا ہی نہیں سکتے جب تک تم اپنی رضا چھوڑ کر اپنی لذات چھوڑ کر اپنی عزت چھوڑ کر اپنا مال چھوڑ کر اپنی جان چھوڑ کر اس کی راہ میں وہ تلخی نہ اٹھاؤ جو موت کا نظارہ تمہارے سامنے پیش کرتی ہے۔ لیکن اگر تم تلخی اٹھا لو گے تو ایک پیارے بچے کی طرح خدا کی گود میں آ جاؤ گے اور تم ان راست بازوں کے وارث کئے جاؤ گے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور ہر ایک نعمت کے دروازے تم پر کھولے جائیں گے............۔

تمہیں خوش خبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے موقعہ ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 307)

بہشتی مقبرہ کا کشفی نظارہ

مزید فرمایا

''اس جگہ ایک امر قابل تذکرہ ہے کہ جیسا کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں کہ خدا نے مجھے میری وفات سے اطلاع دی ہے............ اور مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 315)

نظام وصیت اور اس کی بنیادی شرائط

فرمایا ''چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ (۔) یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔ اس لئے خدا نے میرا دل وحی خفی سے اس طرف مائل کیا کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں کہ وہی لوگ اس میں داخل ہو سکیں جو اپنے صدق اور کامل راست بازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں۔ سو وہ تین شرطیں ہیں اور سب کو بجا لانا ہوگا۔

1۔ اس قبرستان کی زمین موجودہ بطور چندہ کے میں نے اپنی طرف سے دی ہے لیکن اس احاطہ کی تکمیل کے لئے کسی قدر اور زمین خریدی جائے گی جس کی قیمت اندازاً ہزار روپیہ ہوگی اور اس کے خوشنما کرنے کے لئے کچھ درخت لگائے جائیں گے اور ایک کنوآں لگایا جائے گا اور اس قبرستان سے شمالی طرف بہت پانی ٹھہرا رہتا ہے جو گزرگاہ ہے اس لئے وہاں ایک پل تیار کیا جائے گا اور ان متفرق مصارف کے لئے دو ہزار روپیہ درکار ہوگا سو کل یہ تین ہزار روپیہ ہوا جو اس تمام کام کی تکمیل کے لئے خرچ ہوگا۔ سو پہلی شرط یہ ہے کہ ہر ایک شخص جو اس قبرستان میں مدفون ہونا چاہتا ہے وہ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے اور یہ چندہ محض انہی لوگوں سے طلب کیا گیا ہے نہ دوسروں سے۔ بالفعل یہ چندہ اخویم مکرم مولوی نورالدین صاحب کے پاس آنا چاہئے۔ لیکن اگر خدا تعالیٰ نے چاہا تو یہ سلسلہ ہم سب کی موت کے بعد بھی جاری رہے گا اس صورت میں ایک انجمن چاہئے کہ ایسی آمدنی کا روپیہ جو وقتاً فوقتاً جمع ہوتا رہے گا اعلائے کلمہ (۔) اور اشاعت توحید میں جس طرح مناسب سمجھیں خرچ کریں۔

2۔ دوسری شرط یہ ہے کہ تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہوگا جو یہ وصیت کرے جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت (۔) اور (۔) احکام قرآن میں خرچ ہوگا اور ہر ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہوگا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے لیکن اس سے کم نہیں ہوگا اور یہ مالی آمدنی ایک بادیانت اور اہل علم انجمن کے سپرد رہے گی اور وہ باہمی مشورہ سے ترقی (۔) اور اشاعت علم قرآن و کتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے حسب ہدایت مذکورہ بالا خرچ کریں گے اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس سلسلہ کو ترقی دے گا اس لئے امید کی جاتی ہے کہ اشاعت (۔) کے لئے ایسے مال بھی بہت اکٹھے ہو جائیں گے اور ہر ایک امر جو مصالح اشاعت (۔) میں داخل ہے جس کی اب تفصیل کرنا قبل از وقت ہے وہ تمام امور ان اموال سے انجام پذیر ہوں گے اور جب ایک گروہ جو متکفل اس کام کا ہے فوت ہو جائے گا تو وہ لوگ جو ان کے جانشین ہوں گے اور ان کا بھی یہی فرض ہوگا کہ ان تمام خدمات کو حسب ہدایت سلسلہ احمدیہ بجا لاویں۔ ان اموال میں سے ان یتیموں اور مسکینوں اور نو............ کا بھی حق ہوگا جو کافی طور پر وجوہ معاش نہیں رکھتے اور سلسلہ احمدیہ میں داخل ہیں اور جائز ہوگا کہ ان اموال کو بطور تجارت کے ترقی دی جائے۔

یہ مت خیال کرو کہ یہ صرف دور از قیاس باتیں ہیں بلکہ یہ اس قادر کا ارادہ ہے جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے۔ مجھے اس بات کا غم نہیں کہ یہ اموال جمع کیونکر ہوں گے اور ایسی جماعت کیونکر پیدا ہوگی جو ایمانداری کے جوش سے یہ مردانہ کام دکھلائے بلکہ مجھے یہ فکر ہے کہ ہمارے زمانہ کے بعد وہ لوگ جن کے سپرد ایسے مال کئے جائیں وہ کثرت مال کو دیکھ کر ٹھوکر نہ کھاویں اور دنیا سے پیار نہ کریں۔ سو میں دعا کرتا ہوں کہ ایسے امین ہمیشہ اس سلسلہ کو ہاتھ آتے رہیں جو خدا کے لئے کام کریں۔ ہاں جائز ہوگا کہ جن کا کچھ گزارہ نہ ہو ان کو بطور مدد خرچ اس میں سے دیا جائے۔

3۔ تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو سچا اور صاف (۔) ہو۔

4۔ ہر ایک صالح جو اس کی کوئی بھی جائیداد نہیں اور کوئی مالی خدمت نہیں کر سکتا اگر یہ ثابت ہو کہ وہ دین کے لئے اپنی زندگی وقف رکھتا تھا اور صالح تھا تو وہ اس قبرستان میں دفن ہو سکتا ہے۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 318)

خدا تمہاری خدمتوں کا محتاج نہیں

حضرت مسیح موعود کی مندرجہ ذیل تنبیہ کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہئے جیسا کہ فرمایا

''یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجا لا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کے لئے بلاتا ہے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر تم سب کے سب مجھے چھوڑ دو اور خدمت اور امداد سے پہلو تہی کرو تو وہ ایک قوم پیدا کر دے گا کہ اس کی خدمت بجا لائے گی۔ تم یقیناً سمجھو کہ یہ کام آسمان سے ہے اور تمہاری خدمت صرف تمہاری بھلائی کے لئے ہے۔ پس ایسا نہ ہو کہ تم دل میں تکبر کرو اور یا یہ خیال کرو کہ ہم خدمت مالی یا کسی قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ میں بار بار تمہیں کہتا ہوں کہ خدا تمہاری خدمتوں کا ذرا محتاج نہیں ہاں تم پر یہ اس کا فضل ہے کہ تم کو خدمت کا موقعہ دیتا ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 497)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ایک ارشاد

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ جماعت احمدیہ میں نظام وصیت قائم کیا۔ نظام وصیت ایک عظیم نظام ہے ہر پہلو کے لحاظ سے۔ نظام وصیت کے ذریعہ یہ کوشش کی گئی ہے کہ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے جو ممبر ہیں یا داخل ہیں سلسلہ عالیہ احمدیہ میں ان میں سے ایک گروہ ایسا ہو جو............ تعلیم کی رو سے ذمہ داریوں کو اس قدر توجہ اور قربانی سے ادا کرنے والا ہو کہ ان میں اور دوسرے گروہ میں ایک مابہ الامتیاز پیدا ہو جائے۔ نظام وصیت صرف 1/10 مالی قربانی کا نام نہیں۔ یہ نظام ہے زمین کی پستیوں سے اٹھا کر آسمانی رفعتوں تک پہنچانے کا۔

(خطبہ جمعہ 30 اپریل 1982ء)

مکان کی تعمیر میں نقشہ کی اہمیت اور چند مفید مشورے

ان مشوروں پر عمل کر کے آپ اپنے گھر کی تعمیر میں کافی بچت کر سکتے ہیں

آرکیٹیکٹ بشیر الدین کمال صاحب

انسان جب اپنا گھر یا اور کوئی عمارت مثلاً ہسپتال، سکول، کالج اور فیکٹری وغیرہ تعمیر کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے وہ اس عمارت کا تخیل ذہن میں لاتا ہے کہ وہ اس طرح کی ہونی چاہئے۔ مثال کے طور پر گھر کے بارے میں وہ سوچتا ہے کہ نشست گاہ، ٹی وی لاؤنج، سٹور اور باورچی خانہ ایسے ہو اور یہ کہ کمرے فلاں فلاں جگہ پہ ہوں۔ اس سوچ میں اس کی جگہ بھی مدنظر ہوتی ہے جس میں وہ عمارت تعمیر کرنا چاہتا ہے اور پھر یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ نہ صرف یہ رہائش گاہ اس کو آرام و سکون بہم پہنچا سکے بلکہ صحت مند ماحول بھی مہیا کر سکے یہ اسی صورت میں ممکن ہے جبکہ اس کا نقشہ آرکیٹیکچر کے قواعد وضوابط اور اصولوں کے مطابق تیار ہوگا۔ انسان عمارت تعمیر کرنے سے پہلے دماغ میں جو تخیل لاتا ہے جس کے نتیجہ میں زمین پر یا کاغذ پر لکیریں کھینچی جاتی ہیں اسی کا نام نقشہ ہے۔ اب اسی تخیل کو یا تو بغیر واسطہ کے مقررہ زمین پر نقشہ کی صورت میں بنائے گا۔ اگر ایسا کرے گا تو اس میں غلطیوں کا احتمال ہوگا۔ کاغذ پر تو یہ غلطیاں ٹھیک ہو سکتی ہیں۔ اسی لئے سب سے پہلے کاغذ پر نقشہ بنایا جاتا ہے۔ سب سے زیادہ مشکل ایک رہائش کا نقشہ ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں محدود جگہ میں زیادہ سے زیادہ مناسب سائز کے ہوادار اور روشن کمرے بنانے ہوتے ہیں جو کہ انسانی صحت کے لئے بھی مفید ہوں۔ جو جگہ کھلی ہوتی ہے وہاں نقشہ آسانی سے تیار ہونا ممکن ہوتا ہے اور کمروں کی ترتیب صحیح اور آسانی سے ہو جاتی ہے۔

رہائش کے معاملہ میں یہ کوشش ہونی چاہئے کہ قواعد وضوابط اور اصولوں کو ضرور مدنظر رکھا جائے جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا ہے کہ زمین پر غلطیوں سے مبرا نقشہ براہ راست نہیں بن سکتا۔ کیونکہ زمین پر بنے ہوئے نقشہ کی غلطیوں کو ٹھیک کرنے میں زائد رقم بھی خرچ کرنی پڑے گی لہٰذا اس سے بچنے کے لئے پہلے نقشہ کاغذ پر ہی بنانا ضروری ہے کیونکہ کاغذ پر بنے ہوئے نقشہ سے آسانی سے غلطیوں کو دور کیا جا سکتا ہے اور پھر رقم کا ضیاع بھی نہیں ہوتا۔ نتیجۃً ایک بہتر نقشہ میسر آ سکتا ہے۔ بہتر نقشہ کا مطلب دراصل بہتر گھر اور عمارت ہوگا۔ اگر دیہات میں بھی گھر یا کوئی عمارت تعمیر کرنے سے پہلے کسی ماہر سے نقشہ بنوا لیا جائے تو بہت ہی بہتر ہوگا بلکہ دیہات میں بھی اس کو رواج دینا چاہئے۔ اس طرح اخراجات میں بچت ہوگی۔ عمارت خوبصورت تعمیر ہوگی اور کمروں کی بھی صحیح ترتیب ہوگی۔

نقشہ کی اہمیت اور افادیت کے بارہ میں ایک آرکیٹیکٹ کہتے ہیں:۔

میں نے دیکھا ہے کہ بعض دفعہ لوگ ایک مستری کے کہنے پر مکان شروع کر دیتے ہیں۔ جب کچھ حصہ مکمل ہو جاتا ہے تو پھر آرکیٹیکٹ کے پاس مشورہ کے لئے جاتے ہیں کہ بتائیں اس کو اب کیسے ٹھیک کیا جائے۔ اس طرح بہت ساری رقم ضائع ہو جاتی ہے اور گھر کی بناوٹ بھی خراب کر بیٹھتے ہیں۔ لوگ عام طور پر سیدھے سادے عوام کو اپنے مفاد کے لئے بہکا لیتے ہیں کہ ہم نے تو ساری عمر اسی کام میں گزاری ہے یہ ہمارا خاندانی کام ہے۔ ایک آرکیٹیکٹ کو کیا پتہ۔ اس کو زائد ہزاروں روپے کی فیس دینے کی کیا ضرورت ہے۔ یہ ساری باتیں ٹھیک نہیں۔ آرکیٹیکٹ عام طور پر اپنی فیس Economical Design تیار کرنے پر پوری کر لیتا ہے اور دوسری طرف آپ کو اچھا پلان کیا ہوا گھر مل جاتا ہے۔ جس میں آپ زندگی کے دن خوشی اور آرام سے گزار سکیں گے اس لئے کہ یہ بہت ہی بہتر ہے کہ مکان شروع کرنے سے پہلے ایک آرکیٹیکٹ کے مشورہ سے مکان بنوائیں اور اس وقت تک کام شروع نہ کریں جب تک آپ کے گھر کا پلان (نقشہ) مکمل نہ ہو جائے اور اس کے متعلق آپ کی تسلی نہ ہو جائے۔ بعض دفعہ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ پہلے ٹھیکہ کر لیتے ہیں اور آرکیٹیکٹ کے پاس بعد میں جاتے ہیں۔ جبکہ یہ بات اچھی نہیں ہے۔

(ٹیکنیکل میگزین ص33 برائے سال 2002-03ء)

خواب گاہ

کسی بھی گھر میں سب سے اہم کمرہ یہی ہوتا ہے۔ آرام کا وقت اسی کمرے میں گزرتا ہے۔ لہٰذا اس کمرہ کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ ہونا چاہئے۔ اس کو ایسی سمت ہونا چاہئے جو گرمیوں میں ٹھنڈا اور سردیوں میں قدرتی طور پر گرم ہو۔ اگر یہ کمرہ گرمیوں میں زیادہ گرم ہوگا تو ظاہر ہے کہ دوپہر کو اور رات کو گرمی کی وجہ سے اس میں سونا مشکل ہوگا کیونکہ آج کل کے حالات کے باعث گرمیوں میں بھی اندر ہی سونا پڑتا ہے۔ اگر A.C وغیرہ لگوا کر ٹھنڈا کیا جائے گا تو A.C کے زیادہ دیر تک چلنے کی وجہ سے بجلی کا خرچ زیادہ آئے گا۔ اس کمرہ کو زیادہ سے زیادہ ہوادار اور روشن ہونا چاہئے۔

نجی نشست گاہ

(T.V. Lounge)

اہمیت کے لحاظ سے گھر میں اس کا دوسرا نمبر ہے کیونکہ خواب گاہ کے بعد سب سے زیادہ یہی کمرہ استعمال ہوتا ہے اور یہ واحد کمرہ ہے جس کو ہم فیملی روم بھی کہہ سکتے ہیں کیونکہ اسی کمرہ میں تمام فیملی وقت گزارتی ہے۔ لہٰذا یہ کمرہ بھی ایسی جگہ ہونا چاہئے جو گرمیوں میں گرم اور سردیوں میں سرد نہ ہو۔ اس کمرہ کو بھی زیادہ سے زیادہ ہوادار اور روشن ہونا چاہئے۔

باورچی خانہ

اس کمرہ کی حفظان صحت کے لحاظ سے بہت اہمیت ہے۔ اس لئے اس کو ایسی جگہ پہ ہونا چاہئے جہاں صبح کے وقت یا دن کے کسی وقت روشنی اور ہوا کا



داخلہ ہوتا کہ نمی نہ ہو اور بو وغیرہ کا اخراج ہو جائے۔ کوشش ہونی چاہئے کہ گرمیوں میں یہ کمرہ زیادہ گرم نہ ہو۔

تین مرلہ پر تعمیر شدہ عمارت

بچت کیسے کر سکتے ہیں؟

آپ مندرجہ ذیل امور کو مدنظر رکھ کر اپنے گھروں کی تعمیر میں کافی حد تک بچت کر سکتے ہیں۔

1۔اپنے گھر یا عمارت کا نقشہ کوالیفائیڈ آرکیٹیکٹ سے تیار کروائیں۔

2۔وہ آپ کے کمروں کا سائز مناسب رکھے گا اگر ضرورت سے زیادہ بڑے کمرے رکھیں گے تو -/500 روپے سے -/600 روپے فی مربع فٹ کے حساب سے زائد خرچ آ سکتا ہے۔

3۔دو سے تین مستریوں کے ساتھ ایک ہی مزدور کافی ہوتا ہے جو کہ تین مستریوں کو مسالہ وغیرہ بنا کر دے سکتا ہے تاہم اس طریق کو عام طور پر مستری پسند نہیں کرتے۔

4۔عمارت پر غیر ضروری طور پر پلستر نہ کیا جائے اور عمارت کو سادہ رکھا جائے۔ جو دلکش اور خوبصورت لگے گی۔ پلستر کی بجائے آپ ٹیپ (Struck Pointing) بھی کر سکتے ہیں۔

5۔ آپ اپنے گھر کی چنائی گارے سے بھی کر سکتے ہیں جبکہ 9 انچ موٹی دیوار گارے میں دو منزلہ عمارت کے لئے ٹھیک ہے۔

6۔غیر ضروری طور پر سریا (لوہا) کا استعمال نہ کریں مثلاً D.P.C اور دیواروں وغیرہ میں۔

7۔چپس کے فرش کی بجائے سادہ فرش ڈال لیں جس کے خراب ہونے کی صورت میں مرمت آسان ہے۔اس لئے اس کو ٹکڑیوں میں ڈالنا چاہئے۔ویسے بھی سادہ فرش پھسلنے والا نہیں ہوتا چونکہ آجکل فرش پر دری یا قالین وغیرہ بچھانے کا رواج ہے۔لہٰذا اینٹوں کا بھی فرش ڈالا جا سکتا ہے۔اوپر دری بچھا دی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

8۔مکان میں مناسب سائز کے دروازے اور کھڑکیاں بنائی جائیں۔زیادہ بڑے سائز کے دروازے کھڑکیوں سے مراد زیادہ خرچ ہے۔

9۔ کمرہ میں روم کولر اور A.C کی جگہ پہلے ہی رکھ لیں۔

10۔مکان کی تعمیر شروع کرنے سے پہلے ہر قسم کا سامان سائٹ پر موجود ہونا چاہئے تا کہ مزدور، مستریوں کو تو اتر اور بغیر وقفہ کے سامان پہنچاتے رہیں۔

نمونہ کے طور پر تین مرلہ مکان کا نقشہ دیا گیا ہے۔جس میں تمام کمرے ہوادار یعنی تمام کمروں میں نہ صرف ہوا کا گزر ہے بلکہ روشن بھی ہیں اور پلاٹ کے لحاظ سے کمروں کا سائز بھی مناسب ہے جبکہ دوسری منزل میں مناسب صحن بھی دیا گیا ہے۔اگر نیچے پورچ تعمیر نہ کرنی ہو تو پھر صحن نچلی منزل میں ہی ہوگا۔پورچ تعمیر کرنے کی صورت میں صحن اوپر ہوگا۔

چوہدری عبدالرشید صاحب

میری رفیقہ حیات نسیم اختر صاحبہ

میری رفیقہ حیات مکرم چوہدری ناظر حسین صاحب (آف دیالگڑھ ضلع فیصل آباد) امیر حلقہ چک جھمرہ ضلع فیصل آباد کے ہاں مورخہ 12/ اپریل 1937ء کو پیدا ہوئیں۔ اور 67 سال بعد مورخہ 12/ اپریل 2004ء (صبح ساڑھے چھ بجے) لاہور ڈیفنس میں وفات پا گئیں۔اسی شام مرزا ناصر احمد محمود صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ ڈیفنس میں پڑھائی جس میں کثیر احباب نے شمولیت فرمائی چونکہ آپ موصیہ تھیں جنازہ رات کو ربوہ لے گئے جہاں 13/ اپریل کو بیت المبارک میں بعد نماز فجر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے جنازہ پڑھایا اور پھر بہشتی مقبرہ میں تدفین ہونے پر مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے دعا کروائی۔

ہماری شادی مورخہ 19/ فروری 1956ء کو ہوئی اور اسی طرح مرحومہ 48 سال سے زائد عرصہ میرے ساتھ گزارنے کے بعد خالق حقیقی کے پاس چلی گئیں۔خدا تعالیٰ نے ہمیں چار بیٹوں اور ایک بیٹی سے نوازا۔ سب شادی شدہ ہیں اور اپنے گھروں میں خوش ہیں۔

مرحومہ غیر ضروری باتوں سے ہمیشہ اعراض کرتی تھیں۔ صرف ضرورت کی بات کرتیں اور ہمیشہ صاف گوئی کو اپنایا۔اگر کوئی واقعہ بیان کیا تو ہمیشہ سچائی کا خیال رکھا۔اپنی طرف سے کوئی مرچ مصالحہ یا کمی بیشی نہ کرتیں شروع شروع میں تو میرے والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ کیا وجہ ہے نسیم خاموش رہتی ہے۔ناراض تو نہیں۔سختی برداشت کر لیتیں مگر خود کسی کو کچھ نہ کہتیں اگر مجھے کسی عزیز کی زیادتی کی وجہ سے غصہ آ جاتا تو مجھے کہتیں کہ خواہ کچھ ہو ہم نے زیادتی کا جواب خاموشی سے دینا ہے اور صبر کرنا ہے۔ میں نے انہیں کسی بچے کو کبھی مارتے نہیں دیکھا۔بچے کے قصور اور غلطی پر پیار سے اسے سمجھاتیں اور درگزر کر جاتیں ہمسایوں اور محلّہ دار غیر از جماعت عورتوں کے ساتھ بڑے پیار اور محبت کا سلوک کرتیں۔

جب ہماری شادی ہوئی اس وقت میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے دفتر میں ملازم تھا اور میری تنخواہ (1956ء میں) ایک سو روپیہ تھی۔جس میں سے 10 روپیہ چندہ وصیت ادا کرتا اور 30 روپے والد صاحب کو ربوہ بھجوا دیتا۔ -/30 روپے مہینہ کے بعد ربوہ جانے کے اخراجات کے لئے رکھتا۔جبکہ صرف 30 روپیہ میں ہم ایک ماہ کا گزارہ کرتے۔مرحومہ نے بڑے صبر اور شکر کے ساتھ گزارہ کیا اور کبھی بھی یہ نہ کہا کہ ہم بڑی تنگی ترشی میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔کبھی کوئی مطالبہ نہ کیا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ میں ہمیشہ اپنے وسائل کے مطابق ان کی ضروریات کا خیال رکھتا رہا ہوں۔میں ایسی پوسٹ پر لگا ہوا تھا کہ جہاں سے ہزاروں روپیہ روزانہ رشوت لے سکتا تھا مگر خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اس رزق حرام سے محفوظ رکھا۔حالانکہ میرے دو ماتحت روزانہ جیبیں بھر کر شام کو گھر جاتے۔

سیالکوٹ میں ہمارے پاس اپنا مکان تھا مگر لاہور میں تو کرایہ کا مکان بھی ملنا دشوار تھا۔ چنانچہ میں اکیلا ہی لاہور رہا تھا کہ مرحومہ کا ایک خط چک جھمرہ سے آیا کہ میں تو یہ دعا کرتی ہوں کہ خدا تعالیٰ ہمیں لاہور میں بھی اپنا مکان دے مگر جب خدا تعالیٰ چاہے گا دے گا اس وقت تو میں نے اس فقرہ کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دی تھی۔مگر آج احساس ہوا کہ مرحومہ کی دعاؤں کو ہی خدا تعالیٰ نے قبول فرمایا کہ لاہور میں ہمیں ایک اچھا سا مکان عطا فرمایا۔

